**Studybeesofficial**

*Where Minds Pollinate*

# Urdu Writing Skils

# درخواست

for

**SSC-II, HSSC-II**

**Follow Our Socials**

studybeesofficial

studybeesofficialpak

studybeesofficialpak

CamScanner

CamScanner

تاریخ: ______

# درخواست

س) چیئرمین کنٹونمنٹ بورڈ کے نام محلے کی صفائی کے لیے درخواست لکھیں

ج) بخدمت جناب چیئرمین کنٹونمنٹ بورڈ ا-ب-ج

عنوان:- محلے کی صفائی کے لیے درخواست

جناب عالی!

مودبانہ گزارش ہے کہ میں محلہ ا-ب-ج

کا رہائشی ہوں

— — — — — —

لہٰذا ادب سے گزارش ہے

عین نوازش ہوگی۔

العارض

اہلِ محلہ

ل-م-ن

۲۳ ستمبر، ۲۰۲۲

Study Bees official

# درخواستیں

1- تھانے دار کے نام، موٹر سائیکل چوری کی رپورٹ درج کروانے کے لیے درخواست

بخدمت جناب تھانے دار، تھانہ پاکستان ٹاؤن، ضلع ا۔ب۔ج

عنوان: موٹر سائیکل چوری کی رپورٹ درج کروانے کے لیے درخواست

جنابِ عالی!

مودبانہ گزارش ہے کہ میں علاقہ پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہوں۔ کل صبح میں علاقے کے پارک میں سیر کرنے کے لیے گیا۔ میں نے موٹر سائیکل کو پارک کے دروازے کے قریب ہی تالہ لگایا تھا۔ جب میں سیر کر کے واپس آیا تو موٹر سائیکل وہاں موجود نہیں تھی۔ میں نے ارد گرد کے لوگوں سے دریافت کیا لیکن کوئی سراغ نہ مل سکا۔ موٹر سائیکل سوزو کی کمپنی کی، 2018 ماڈل اور سیاہ رنگ کی ہے۔ اس کا رجسٹریشن نمبر ABC-1234 اور چیسی نمبر 123456 ہے۔ براہ کرم موٹر سائیکل چوری کی رپورٹ درج کر کے مناسب کارروائی عمل میں لائی جائے۔ رجسٹریشن کاپی کی عکسی نقل درخواست کے ساتھ منسلک ہے۔ نوازش ہو گی۔

15 جولائی 2020ء

درخواست گزار

ایک شہری

ا۔ب۔ج

2- علاقہ ناظم کے نام، علاقے کی صفائی کے لیے درخواست

بخدمت جناب ناظم، پاکستان ٹاؤن، ا۔ب۔ج

عنوان: علاقے کی صفائی کے لیے درخواست

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ میں پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہوں۔ اس میں واقع کالج روڈ کا زیادہ تر حصہ انتہائی خراب حالت میں ہے۔ یہاں سڑک بالکل ٹوٹ پھوٹ گئی ہے اور جا بہ جا گڑھے پڑے ہوئے ہیں۔ نکاسی آب کا نظام خراب رہتا ہے اور پانی ہر وقت کھڑا رہتا ہے۔ برسات کے موسم میں سڑک کا یہ حصہ ایک تالاب کا منظر پیش کرتا ہے۔ جس میں مچھر بکثرت پرورش پاتے ہیں اور مکینوں کے لیے رات کاٹنا مشکل ہو جاتا ہے۔ جا بہ جا کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پڑے ہیں جن سے بدبو اور تعفن اٹھتا رہتا ہے۔ خاکروب اپنے فرائض سے غفلت برتتے ہیں۔ انھی وجوہات کی بنا پر یہاں کے مکین سارا سال طرح طرح کی بیماریوں کا شکار رہتے ہیں۔ اسی لیے میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ ذاتی دلچسپی لے کر علاقے کی صفائی کی عملی تدبیر فرمائیں۔ جس کے لیے ہم اہلِ علاقہ آپ کے احسان مند رہیں گے۔

25 اکتوبر 2018ء

درخواست گزار

اہلِ علاقہ

ا۔ب۔ج

CS CamScanner

3۔ پوسٹ ماسٹر کے نام ،ڈاک کی ناقص تقسیم کے بارے میں درخواست

بخدمت پوسٹ ماسٹر، ہیڈ پوسٹ آفس، ا۔ب۔ج

عنوان: ڈاک کی ناقص تقسیم کے بارے میں درخواست

جناب عالی!

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ میں محلہ پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہوں اور آپ کی توجہ ڈاک کی بے قاعدگی کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ میں نے متعلقہ پوسٹ مین سے بھی شکایت کی تھی اور اس نے ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلایا تھا مگر صورت حال بدستور خراب ہے۔ میں بہت سے رسالوں کا سالانہ خریدار ہوں۔ مگر اکثر رسالے راستے ہی میں غائب ہو جاتے ہیں۔ اس لیے مجھے متعلقہ رسالوں کے منتظمین کو خط لکھ کر دوبارہ رسالہ منگوانا پڑتا ہے۔ اس کے ساتھ جو ذہنی کرب ہے، وہ علاحدہ ہے۔

میں آپ سے التماس کرتا ہوں کہ آپ متعلقہ پوسٹ مین کو ہدایت فرمائیں اور اسے فرائض منصبی کا احساس دلائیں۔ اس نا اہلی سے ایک قاری جس کوفت کا شکار ہوتا ہے، اس کا ہلکا سا تصور بھی اسے دیجیے تاکہ وہ اپنا فرض کو پہچانے۔ عین ممکن ہے میری طرح کئی اور لوگ بھی اس کی غفلت اور بددیانتی پر شکوہ سنج ہوں۔ میں اس نظر کرم کے لیے آپ کا شکر گزار رہوں گا۔

25اگست 2018ء

درخواست گزار

مخلص

ا۔ب۔ج

4۔ ہیلتھ آفیسر کے نام، قصبے میں ڈسپنسری کے قیام کے لیے درخواست

بخدمت جناب ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ضلع ا۔ب۔ج

عنوان: ڈسپنسری کے قیام کے لیے درخواست

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میں قصبہ پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہوں۔ یہ قصبہ آبادی کے لحاظ سے ضلع بھر میں نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ یہاں ایک گورنمنٹ مڈل سکول ہے جسے ہائی سکول کا درجہ دلوانے کی بھرپور کوشش ہو رہی ہے۔ ایک غلہ منڈی اور دو بینک بھی ہیں۔ آبادی اور دیگر معاشرتی لوازمات کے اعتبار سے قصبہ روز افزوں ترقی کر رہا ہے۔ یہ ایک ایسا مرکزی مقام ہے جہاں بیسیوں دیہات اپنی ضروریات کے لیے کھنچے آتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس قصبے میں ایک گورنمنٹ ڈسپنسری کھولی جائے تاکہ اہل قصبہ اور مضافات میں رہنے والے لوگ علاج معالجے کی سہولت سے فائدہ اُٹھا سکیں۔ ہم اہل قصبہ اس مہربانی کے لیے آپ کے انتہائی ممنون رہیں گے۔

7جنوری 2018ء

درخواست گزار

اہل قصبہ

ا۔ب۔ج

CS CamScanner

5۔ ایس پی کے نام درخواست، تھانے دار کے ناشائستہ رویے کے خلاف درخواست

بخدمت جناب ایس پی، ضلع ا۔ب۔ج

عنوان: تھانے دار کے ناشائستہ رویے کے خلاف درخواست

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ میں پاکستان ٹاؤن کا رہائشی اور اس ملک کا ایک معزز شہری ہوں۔ مگر مجھے انتہائی دکھ کے ساتھ آپ کی خدمت میں یہ بات کہنا پڑ رہی ہے کہ ہماری پولیس کا رویہ اپنے ہی شہریوں کے ساتھ بے حد ناشائستہ ہے۔ کل مجھے اپنی موٹر سائیکل کی چوری کی رپورٹ درج کرانے کے لیے تھانے جانا پڑا۔ ایک تو تھانے دار صاحب نے رپورٹ درج نہیں کی۔ دوسرا انتہائی بدتمیزی کا مظاہرہ کرتے ہوئے برا بھلا بھی کہا اور گالم گلوچ پر اتر آئے، جس کا مجھے انتہائی دکھ ہے۔

جنابِ عالی! اس صورت حال میں آپ سے گزارش ہے کہ آپ متعلقہ تھانے دار صاحب کو اپنا رویہ درست کرنے کے لیے تنبیہ بھی کریں اور موٹر سائیکل چوری کی رپورٹ درج کرنے کا حکم بھی دیں۔ اس نظرِ کرم کے لیے میں آپ کا شکر گزار رہوں گا۔

23 جنوری 2018ء

درخواست گزار

ایک شہری

ا۔ب۔ج

6۔ ایگزیکٹو انجینئر واپڈا کے نام، بجلی کی ناقص ترسیل کے حوالے سے درخواست

بخدمت جناب ایگزیکٹو انجینئر، واپڈا، ا۔ب۔ج

عنوان: بجلی کی ناقص ترسیل کے حوالے سے درخواست

جنابِ عالی!

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ میں علاقہ پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہوں۔ ہمارے قصبے میں بجلی کی ترسیل اس قدر ناقص اور بے قاعدہ ہے کہ اس پر کسی لمحے بھی اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔ آندھی کی ہلکی سی جنبش بھی بجلی کے نظام میں خلل ڈالنے کے لیے کافی ہے۔ ایک بار بجلی معطل ہو جائے تو کئی دن تک بحال ہونے میں نہیں آتی۔ عام زندگی میں اس سے جو مشکلات پیش آتی ہیں وہ ناقابلِ بیان ہیں۔ ان کے علاوہ پورے قصبے کی کاروباری زندگی ٹھپ ہو کر رہ جاتی ہے، کارخانوں کا نظام معطل ہو جاتا ہے، ہسپتال میں ہونے والے آپریشن نامکمل رہ جاتے ہیں، امتحان دینے والے طلبہ اور طالبات کو از حد تکلیف ہوتی ہے۔

آپ کے محکمے نے اس سال بہت سے نئے ٹیکس لگا دیے ہیں۔ ریٹ بھی بڑھا دیے ہیں۔ ان حالات میں اگر ایک شخص پورے واجبات ادا کرتا ہے تو اس کو ان کے مطابق فوائد بھی پورے ملنا چاہئیں۔ مجھے بجا طور پر توقع ہے کہ آپ اس مسئلے میں ذاتی دلچسپی لیں گے اور موجودہ صورت حال کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے۔ ہم آپ کی عنایات کے لیے ممنون رہیں گے۔

10 مئی 2018ء

درخواست گزار

مخلص

ا۔ب۔ج

CS CamScanner

۷۔ حصولِ ملازمت کے لیے ڈی سی او کے نام درخواست

بخدمت جناب ڈی سی او، ضلع ا۔ب۔ج

عنوان: حصولِ ملازمت کے لیے درخواست

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ ایک مقامی اخبار کے توسط سے مجھے پتا چلا ہے کہ آپ کے زیرِ سایہ کلرکوں کی چند آسامیاں خالی ہیں۔ اس سلسلے میں میں خود کو ایک امیدوار کی حیثیت سے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ میری اہلیت کے کوائف درج ذیل ہیں:

۱۔ میں نے میٹرک سینٹرل ماڈل سکول سے کیا ہے۔

۲۔ جب کہ انٹر کا امتحان اسلامیہ کالج سے پاس کیا ہے۔

۳۔ میں اُردو اور انگریزی ٹائپنگ جانتا ہوں اور میری رفتار ۴۰ الفاظ فی منٹ ہے۔

۴۔ ایک نجی ادارے سے کمپیوٹر کا بنیادی کورس بھی کیا ہے۔

۵۔ میری عمر بیس سال اور ازدواجی حیثیت غیر شادی شدہ ہے۔

جنابِ عالی! میں ایک محنتی انسان ہوں اور اپنا کام پوری لگن اور دل جمعی سے کرتا ہوں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں اپنے فرائضِ منصبی پوری ایمان داری اور محنت سے ادا کروں گا۔ امید ہے کہ آپ مجھے اپنے زیرِ سایہ کام کرنے کا موقع فراہم کریں گے جس کے لیے میں آپ کو شکر گزار رہوں گا اور آپ کے اقبال کے لیے دعا گو رہوں گا۔

26 جنوری 2018ء

درخواست گزار

آپ کی توجہ کا طالب

ا۔ب۔ج

8۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے نام، وبا پھیلنے کے حوالے سے درخواست

بخدمت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ضلع ا۔ب۔ج

عنوان: وبا پھیلنے کے حوالے سے درخواست

جنابِ عالی!

بصد احترام گزارش ہے کہ میں پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہوں اور بڑے افسوس کے ساتھ آپ کو مطلع کر رہا ہوں کہ برسات کے بعد ہمارے گاؤں میں ہیضہ پھوٹ پڑا ہے۔ دو دن میں چھ آدمی اس کی لپیٹ میں آچکے ہیں اور دو کے لیے یہ وبا جان لیوا ثابت ہو چکی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہمارے علاقے میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناقص ہے۔ گندے پانی کے نکاس کا کوئی بندوبست نہیں۔ علاقے کے ارد گرد جوہڑ ہیں جو ہر وقت گندے پانی سے لبریز رہتے ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہر سال کوئی نہ کوئی بیماری گاؤں میں پھوٹ پڑتی ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ اس ناگہانی مصیبت سے بچاؤ کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں ورنہ بصورتِ دیگر کئی گھروں کے چراغ بجھ جائیں گے۔ اس کرم فرمائی کے لیے ہم اہلِ علاقہ آپ کے شکر گزار رہیں گے۔

25 اگست 2018ء

درخواست گزار

اہلِ علاقہ

ا۔ب۔ج

CS CamScanner

9۔ ڈپٹی کمشنر کے نام، علاقے میں پارک کے قیام کے لیے درخواست

بخدمت جناب ڈپٹی کمشنر، ضلع ا۔ب۔ج

عنوان: علاقے میں پارک کے قیام کے لیے درخواست

جنابِ عالی!

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ فدوی علاقہ پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہے۔ ہمارا علاقہ ایک گنجان آباد علاقہ ہے۔ یہاں سیکڑوں خاندان رہائش پذیر ہیں۔ یوں تو یہاں زندگی کی تمام سہولیات دستیاب ہیں لیکن تفریح کے لیے کوئی ایک پارک بھی نایاب ہے۔ بچے عموماً گلیوں اور سڑکوں پر کھیلتے رہتے ہیں۔ خواتین گھروں میں محصور رہتی ہیں۔ مرد حضرات بھی کام کاج سے تھکے ہارے آتے ہیں تو گھروں تک محدود ہو جاتے ہیں۔ اگر کسی نے جانا ہو تو اسے طویل فاصلہ طے کر کے اندرون شہر جانا پڑتا ہے جہاں بڑے بڑے تفریحی پارک موجود ہیں۔

اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ ہم اہلِ علاقہ کی اس فطری ضرورت کی تسکین کے لیے کم از کم ایک تفریحی پارک کا قیام عمل میں لایا جائے۔ جہاں لوگ اپنی زندگی کا بوجھ کچھ دیر کے لیے اُتار سکیں۔ اس کارِ خیر کے لیے ہم سب آپ کے بے حد شکر گزار رہیں گے۔

20 جنوری 2020ء

درخواست گزار

اہلِ علاقہ

ا۔ب۔ج

10۔ پوسٹ ماسٹر کے نام، پارسل کی گمشدگی کے حوالے سے درخواست

بخدمت جناب پوسٹ ماسٹر، محکمہ ڈاک، ا۔ب۔ج

عنوان: پارسل کی گمشدگی کے حوالے سے درخواست

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ آج سے تقریباً تین ماہ قبل میرے ایک عزیز نے پاکستان ٹاؤن سے میرے لیے کتابوں کا ایک پارسل بذریعہ ڈاک بھیجا تھا۔ یہ پارسل سفید کپڑے کے ایک تھیلے میں محفوظ طریقے سے باندھا گیا تھا۔ اس کا وزن ڈیڑھ کلو کے قریب تھا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ یہ پارسل آج تک مجھے نہیں ملا۔ اس پارسل کی رسید جو ڈاکخانے نے جاری کی تھی، اس کی فوٹو کاپی درخواست کے ساتھ بھیج رہا ہوں۔ پارسل میں جو کتابیں تھیں وہ انتہائی قیمتی اور نایاب تھیں۔ ان میں سے بعض لائبریری سے مستعار لی گئی تھیں اور مجھے ایم اے کے امتحان کے سلسلے میں مطلوب تھیں۔ اُن کا گم ہو جانا ذاتی نقصان بھی ہے اور قومی زیاں بھی۔ مجھے آپ سے بجا طور پر توقع ہے کہ آپ اس الجھن کو فوری طور پر حل کرنے کی سعی فرمائیں گے۔ جس کے لیے میں آپ کا بے حد شکر گزار رہوں گا۔

19 اپریل 2018ء

عرض گزار

نیاز مند

ا۔ب۔ج

CamScanner

11۔ صوبائی وزیر تعلیم کے نام، گرلز ہائی سکول کے قیام کے لیے درخواست

بخدمت جناب وزیر تعلیم، صوبہ ا۔ب۔ج

عنوان: گرلز ہائی سکول کے قیام کے لیے درخواست

جناب عالی!

التماس ہے کہ میں پاکستان ٹاؤن کا رہائشی ہوں جہاں لڑکیوں کے لیے ایک مڈل سکول قائم ہے۔ مگر جو لڑکیاں مزید تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں، انھیں یہاں سے دوسرے قصبے کے ہائی سکول میں جانا پڑتا ہے۔ ذرائع آمد و رفت نہ ہونے کی بنا پر تعلیم کی خواہش مند تمام لڑکیوں کو پیدل آنا جانا پڑتا ہے جس سے کئی قسم کی قباحتیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لیے آپ سے مؤدبانہ التماس ہے کہ آپ علاقے کے مڈل سکول کو ہائی سکول کا درجہ دے کر ایک دیرینہ مطالبے کو شرف قبولیت بخشیں۔ تاکہ ہماری بہن بیٹیاں زیورِ تعلیم سے آراستہ ہو کر ملک و قوم کی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ اس نوازش کے لیے علاقے کے تمام لوگ آپ کے بے حد شکر گزار رہیں گے اور آپ کے اقبال کے لیے ہمیشہ دعا گو رہیں گے۔

26 جنوری 2018ء

درخواست گزار

آپ کی توجہ کا طالب

ا۔ب۔ج

# درخواست نویسی

درخواست فارسی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معنی التماس، گزارش، عرض، التجا، خواہش اور آرزو کے ہیں۔ جب کہ اصطلاحاً درخواست سے مراد وہ تحریر ہے جو کسی ماتحت یا عام آدمی کی طرف سے کسی افسر یا صاحبِ اختیار و اقتدار شخصیت کو انفرادی یا اجتماعی ضرورت، مسئلہ یا شکایت کے حل کے لیے لکھی جائے۔ مثال کے طور پر طالبِ علم کو کالج سے رخصت لینے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھنی پڑتی ہے۔ اسی طرح ماتحت عملہ اور عام لوگ بھی مختلف ضروریات کے لیے اپنے افسران کو درخواستیں لکھتے ہیں۔ درخواست ایک باضابطہ تحریر ہوتی ہے۔ اسے لکھتے وقت جملہ اجزا و عناصر، طرزِ تخاطب اور القاب و آداب کو مدِ نظر رکھنا پڑتا ہے۔ درخواست کا مضمون سادہ اور عام فہم ہونا چاہیے۔ درخواست لکھنے کے لیے چھوٹے چھوٹے جملے تحریر کرنے چاہییں اور ایسی توجیہات پیش کرنی چاہییں جن کی درخواست کے عنوان کے ساتھ مکمل مناسبت ہو تاکہ متعلقہ افسر اس کی روشنی میں قانونی کارروائی کرنے کے لیے قائل ہو جائے۔

درخواست کے حصے:

(۱) آغاز/سرنامہ (۲) موضوع (۳) آداب (۴) نفسِ مضمون (۵) اختتامیہ اور تاریخ

## درخواست نویسی کے لیے ہدایات

- جس افسر کو درخواست لکھنی ہو سب سے پہلی سطر میں اس کا عہدہ، ادارے کا نام اور پتا مؤدبانہ انداز میں لکھنا چاہیے، مثلاً:
  بخدمت جنابِ پرنسپل، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، ریلوے روڈ، لاہور
  (مخاطب کو جناب یا صاحب لکھیں، دونوں ہم معنی ہیں اس لیے جناب پرنسپل صاحب لکھنا غلط اور غیر فصیح ہوگا۔)
- دوسری سطر میں ''موضوع'' لکھا جاتا ہے۔
- تیسری سطر میں ''جنابِ عالی'' لکھا جاتا ہے۔
- چوتھی سطر میں ''گزارش ہے'' یا ''التماس ہے'' کے الفاظ لکھ کر نفسِ مضمون کا آغاز کیا جاتا ہے۔
- درخواست کا مقصد بہت واضح اور صاف انداز میں لکھیں۔
- دعائیہ یا اختتامی الفاظ لکھ کر درخواست ختم کریں۔ مثلاً: شکر گزار ہوں گا، مہربانی ہوگی، عین نوازش ہوگی وغیرہ۔
- آخر میں ایک سطر چھوڑ کر بائیں جانب ''العارض'' یا درخواست گزار لکھیں اور اس کے نیچے اپنا نام اور پتا مع تاریخ درج کریں۔



CamScanner

## نمونے کی درخواستیں

### ❶ جماعت کے کمرے میں روشنی کے انتظام کے لیے پرنسپل کے نام درخواست

بخدمت جناب پرنسپل، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول، فیروز وٹواں، ضلع شیخوپورہ

موضوع: کمرہ جماعت میں روشنی کا انتظام کرنے کی درخواست

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ ہماری جماعت کے کمرے کی ٹیوب لائٹس ایک عرصہ سے خراب ہیں۔ طلبہ باہر سے کمرے میں آتے ہیں تو اندھیرے کی وجہ سے کئی دفعہ ٹھوکر لگ جاتی ہے۔ درس و تدریس کے دوران میں بھی کمرے میں تاریکی محسوس ہوتی ہے جو ایک طرف تعلیمی نقصان کا باعث ہے اور دوسری طرف آنکھوں پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں۔ ان مسائل کی بنا پر ہماری جماعت کے طلبہ مشکلات کا شکار ہیں۔ آپ سے التماس ہے کہ ہمارے کمرے کی ٹیوب لائٹس فوری طور پر مرمت کرنے کی ہدایات جاری کریں تا کہ ہم آسانی سے تعلیمی عمل جاری رکھ سکیں۔ آپ کی عین نوازش ہوگی۔

درخواست گزار

جملہ طلبہ جماعت سال دوم، ادارہ ہٰذا

۲۶ ستمبر ____ ۲۰ء

❀

### ❷ پرنسپل کے نام شادی میں شمولیت کے لیے رخصت کی درخواست

بخدمت جناب پرنسپل، گورنمنٹ کالج، گلبرگ، لاہور

موضوع: شادی میں شرکت کے لیے رخصت کی درخواست

جنابِ عالی!

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میرے بڑے بھائی کی شادی ۲۸ مارچ بروز جمعرات ہونا قرار پائی ہے۔ دُلھا کے بعد میں گھر میں بہن بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں۔ والد صاحب بوڑھے اور بیمار ہیں۔ شادی کے جملہ امور کی ادائیگی میری ذمہ داری ہے۔ شادی کے لیے برات ملتان جائے گی اور جمعہ کو دعوت ولیمہ ہے۔ انتہائی مصروفیت کی وجہ سے میں برات سے دو دن پہلے اور دعوتِ ولیمہ کے ایک دن بعد تک کالج حاضر نہیں ہو سکتا۔ مہربانی فرما کر مجھے ۲۶ مارچ تا یکم اپریل ____ ۲۰ء چھے یوم کی رخصت عنایت فرمائیں۔ آپ کی عین نوازش ہوگی۔

العارض

نام: الف، ب، ج

جماعت گیارھویں، فریق اقبال، رول نمبر ۱۸

۲۶ مارچ ____ ۲۰ء

❀



CamScanner

## ۳ فیس معافی کے لیے پرنسپل کے نام درخواست

بخدمت جناب پرنسپل، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، بہاول پور

موضوع: فیس معافی کی درخواست

جنابِ عالی!

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میں آپ کے زیرِ سایہ کالج میں فرسٹ ائیر کا طالب علم ہوں۔ میرے والد صاحب ایک سرکاری ادارے میں درجہ چہارم کے ملازم ہیں۔ ان کی آمدن بہت قلیل ہے جس سے گھر کے اخراجات بمشکل پورے ہوتے ہیں۔ مہنگائی کے اس دور میں میری کاپیوں، کتابوں اور آمدورفت کا خرچ اٹھانا ان کے لیے کچھ آسان نہیں۔ ان حالات میں وہ میری فیس ادا نہیں کر سکتے۔ میں نے میٹرک کے امتحان میں بہت اچھے نمبر حاصل کیے ہیں اور مجھے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق ہے۔

براہِ کرم! میری کالج کی مکمل فیس معاف فرما دیں تا کہ میں اپنا تعلیمی سلسلہ جاری رکھ سکوں۔ آپ کی عین نوازش ہوگی۔

العارض

نام: الف، ب، ج

جماعت گیارھویں، فریق سرسیّد، رول نمبر ۳۱

۱۲ ستمبر ___ ۲۰ء

## ۴ ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کے لیے درخواست

بخدمت جناب ہیلتھ آفیسر، تحصیل میونسپل کمیٹی، جام پور

موضوع: محلے کی صفائی کے لیے درخواست

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ ہمارے علاقہ محمدیہ کالونی، جام پور میں صفائی کے انتظامات انتہائی ناقص ہیں۔ اکثر اوقات خاکروب صفائی کے لیے نہیں آتے جس کی وجہ سے جگہ جگہ کوڑے کے ڈھیر لگے رہتے ہیں۔ کوڑے کی کثرت کی وجہ سے مکھیاں، مچھر اور خطرناک جراثیم پیدا ہو رہے ہیں۔ کرونا اور پولیو کی وبا کے پہلے ہی خدشات موجود ہیں۔ موسم برسات کی وجہ سے دیگر وبائی امراض بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔

آپ سے التماس ہے کہ مذکور بالا کالونی میں جلد از جلد صفائی کا انتظام بہتر کروائیں تا کہ وبائی امراض کی روک تھام ہو سکے اور اہلِ علاقہ بیماریوں اور پریشانیوں سے بچ سکیں، شکریہ۔

درخواست گزار

اہلِ محلہ، محمدیہ کالونی، جام پور شہر

۲۰ر دسمبر ___ ۲۰ء



CamScanner

## ۵ مضمون کی تبدیلی کے لیے پرنسپل کے نام درخواست

بخدمت پرنسپل صاحبہ، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج، ماڈل ٹاؤن، ڈیرہ غازی خان

موضوع: مضمون کی تبدیلی کے لیے درخواست

جنابِ عالیہ!

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میں نے اس کالج میں حال ہی میں فرسٹ ایئر کے شعبہ آرٹس میں داخلہ لیا ہے۔ میں نے اپنے والد صاحب کے کہنے پر داخلہ فارم میں دوسرے مضامین کے انتخاب کے ساتھ اکنامکس کا مضمون بھی لکھ دیا تھا۔ اس مضمون کا پیریڈ میں گزشتہ دو ہفتے سے مسلسل پڑھ رہی ہوں لیکن ابھی تک پہلے باب ہی کو سمجھ نہیں پائی۔

میڈم! یہ مضمون میری ذہنی سطح اور طبعی رجحان سے مطابقت نہیں رکھتا۔ مجھے شروع ہی سے اردو زبان و ادب سے دلچسپی ہے اور اس مضمون میں میرے ہمیشہ اچھے نمبر آئے ہیں۔

براہِ کرم! مجھے اکنامکس کے مضمون کے بجائے اردو اعلیٰ پڑھنے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے تاکہ میں اپنے ذوق وشوق کے مطابق اپنی تعلیم جاری رکھ سکوں۔ آپ کی عین نوازش ہوگی۔

العارض

ثوبیہ نوشین

جماعت سالِ اوّل، فریق فاطمہ جناح، رول نمبر ۱۸

یکم اپریل ____ ۲۰ء

❁

## ۶ مچھر مار سپرے کے چھڑکاؤ کے لیے ایڈمنسٹریٹر کے نام درخواست

بخدمت جناب ایڈمنسٹریٹر، میونسپل کارپوریشن، فیصل آباد

موضوع: مچھر مار سپرے کے چھڑکاؤ کی درخواست

جنابِ عالی!

گزارش ہے اس سال ہمارے علاقے میں بارشیں بہت زیادہ ہوئی ہیں۔ ہماری کالونی کے گلی محلوں میں نکاسی آب کا مناسب بندوبست نہ ہونے کی وجہ سے ابھی تک پانی خشک نہیں ہوا۔ مختلف مقامات پر جمع ہونے والا پانی مچھر اور جراثیم کی آماجگاہ بن چکا ہے۔ لوگ ڈینگی وائرس اور ملیریا کے ساتھ ساتھ دیگر بیماریوں کا بری طرح شکار ہو رہے ہیں۔

آپ سے گزارش ہے کہ شہر بھر میں اور بالخصوص ہماری کالونی میں جراثیم کش سپرے کا فوری بندوبست کیا جائے تاکہ ان موذی بیماریوں سے محفوظ رہا جا سکے۔

درخواست گزار

جملہ ساکنان دھوبی گھاٹ (فیصل آباد)

۰۵ ستمبر ____ ۲۰ء



CS CamScanner

## ۷ حصولِ ملازمت کے لیے ایجوکیشن بورڈ کے چیئر مین کے نام درخواست

بخدمت جناب چیئر مین، بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ڈیرہ غازی خان

موضوع: درخواست برائے تقرر بطور سٹینو گرافر

جنابِ عالی!

گزارش ہے کہ ۲۱ر دسمبر ___ ۲۰ء کے روزنامہ جنگ میں شائع ہونے والے اشتہار سے معلوم ہوا کہ آپ کے دفتر میں سٹینو گرافر کی تین اسامیاں خالی ہیں۔ ان میں سے ایک اسامی کے لیے بطور امیدوار میری خدمات حاضر ہیں۔ میری تعلیمی قابلیت اور دیگر کوائف درج ذیل ہیں:

تعلیمی قابلیت:

۱۔ میں نے میٹرک سائنس کا امتحان ۲۰۱۷ء میں بطور ریگولر امیدوار ۶۸۰ نمبر حاصل کر کے ''B'' گریڈ میں پاس کیا۔

۲۔ انٹر میڈیٹ کا امتحان 2019ء میں بطور ریگولر طالب علم گورنمنٹ کامرس کالج، فیصل آباد میں ۱۰۰۰ نمبروں کے ساتھ ''A'' گریڈ میں پاس کیا جس میں انگریزی شارٹ ہینڈ اور انگریزی ٹائپ میں آنرز بھی حاصل کی۔

تجربہ:

میں عرصہ دو سال تک ایک پرائیویٹ سیکٹر کی کمپنی میں بطور سٹینو گرافر کام کرنے کا تجربہ رکھتا ہوں۔ میں کمپیوٹر پر ۵۰ الفاظ فی منٹ اور شارٹ ہینڈ میں ۱۲۰ الفاظ فی منٹ کی رفتار سے لکھ سکتا ہوں۔

ذاتی کوائف:

میں ۲۳ سال کا صحت مند نوجوان ہوں اور شعبہ میں دفتری امور کی انجام دہی کا مطلوبہ تجربہ رکھتا ہوں۔

مجھے اُمید ہے کہ آپ میری تعلیمی قابلیت اور تجربہ کے پیشِ نظر ٹیسٹ اور انٹرویو کا موقع فراہم کریں گے۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ منتخب ہونے کے صورت میں اپنے فرائض نہایت تن دہی اور دیانت داری سے انجام دوں گا۔

درخواست گزار

۲۸ رفروری ___ ۲۰ء — نام و پتا: الف، ب، ج

(نوٹ: مطلوبہ کاغذات کی مصدقہ نقول درخواست کے ساتھ لف ہیں۔)

❁

## ۸ ناقص دودھ کی فروخت کے خلاف ایڈمنسٹریٹر فوڈ اتھارٹی کے نام درخواست

بخدمت جناب ایڈمنسٹریٹر، فوڈ اتھارٹی، لاہور

موضوع: ناقص دودھ فروخت کرنے کے خلاف کارروائی

جنابِ عالی!

ملتمس ہوں کہ میں لاہور کا رہائشی ہوں۔ایک باشعور شہری اور محبِ وطن پاکستانی ہونے کے ناتے میرا یہ فرض ہے کہ میں آپ کی توجہ شہر کے ایک نہایت اہم مسئلے کی طرف مبذول کراؤں۔

جنابِ عالی! آپ کو معلوم ہے کہ اشیائے خورونوش میں دودھ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہ ہر عمر کے افراد بالخصوص بچوں کی اہم غذا ہے،اس لیے دودھ کا خالص ہونا اور ہر قسم کے مضرِ صحت اجزا سے پاک ہونا بہت ضروری ہے۔ بد قسمتی سے ہمارے شہر کے کچھ عاقبت نا اندیش اور بے حس لوگ دودھ میں نہ صرف ملاوٹ کے مرتکب ہو رہے ہیں بلکہ اسے گاڑھا کرنے کے لیے اس میں خطرناک کیمیکل بھی ملا رہے ہیں۔مزید یہ کہ دودھ کو جراثیم سے محفوظ رکھنے کے لیے محکمہ فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر بھی عمل کرنے سے بھی گریزاں ہیں۔

جنابِ عالی! آپ سے گزارش ہے کہ ایسے مجرمانہ افعال کے مرتکب افراد کے خلاف فی الفور کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام الناس کو خالص دودھ فراہم ہو سکے۔آپ کے اقدامات کے لیے شکر گزار رہوں گا۔

درخواست گزار

۱۰ / مارچ ___۲۰ء نام و پتا: الف، ب، ج

## مشق کے لیے مجوزہ عنوانات

- گھروں میں پینے کا صاف پانی مہیا کرنے کے لیے ڈائریکٹر واسا کے نام درخواست
- محلے کی سڑکوں پر مناسب روشنی کے بندوبست کے لیے ایس ڈی او کے نام درخواست
- تاریخی عمارات کی سیر پر جانے کی اجازت کے لیے کالج کے پرنسپل کے نام درخواست
- ہاسٹل کے گندے واش رومز کی شکایت کے لیے کالج پرنسپل کے نام درخواست
- سرکاری لائبریری میں بچوں کی شاعری پر مزید کتب رکھنے کے لیے اس کے انچارج کے نام درخواست
- سٹیڈیم میں کرکٹ میچ کھیلنے کی اجازت لینے کے لیے ڈائریکٹر سپورٹس کے نام درخواست
- تعلیمی ادارے میں ابتدائی طبی امداد کے سامان کی فراہمی کے لیے سربراہِ ادارہ کے نام درخواست
- ایڈمنسٹریٹر فوڈ اتھارٹی کے نام درخواست میں ہسپتال کی کینٹین میں مضرِ صحت اشیا کے متعلق شکایت کریں
- کالج کی لائبریری میں قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی نئی تصاویر آویزاں کرنے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست
- بجلی کا خراب میٹر بدلنے کے لیے ایس ڈی او واپڈا کے نام درخواست



CamScanner